www.xtrapapers.com

Cambridge Assessment International Education

# Cambridge O Level

CANDIDATE NAME

CENTRE NUMBER

CANDIDATE NUMBER

*9514742267*

**FIRST LANGUAGE URDU** **3247/01**

Paper 1 Reading and Writing **October/November 2020**

**1 hour 30 minutes**

You must answer on the question paper.

No additional materials are needed.

**INSTRUCTIONS**

- Part 1: answer **all** questions in **Urdu**.
- Part 2: answer **one** question in **Urdu**.
- Use a black or dark blue pen. Do **not** use an erasable pen or correction fluid.
- Write your name, centre number and candidate number in the boxes at the top of the page.
- Write your answer to each question in the space provided.
- Do **not** write on any bar codes.
- Dictionaries are **not** allowed.

**INFORMATION**

- The total mark for this paper is 50.
- The number of marks for each question or part question is shown in brackets [ ].

**ہدایات**

- حصہ 1: **تمام** سوالوں کے جوابات **اردو** میں لکھیے۔
- حصہ 2: کسی **ایک** سوال کا جواب **اردو** میں لکھیے۔
- کالا یا گہرا نیلا قلم استعمال کیجیے۔ کریکشن فلوئڈ یا سیاہی مٹانے والا قلم استعمال **مت** کریں۔
- اپنا نام سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر اس صفحے پر اوپر کی جانب دی گئی جگہوں پر لکھیے۔
- ہر سوال کا جواب دی گئی جگہ پر لکھیے۔
- کسی بھی بار کوڈ پر **مت** لکھیے۔
- لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت **نہیں** ہے۔

**معلومات**

- اس پرچے کے لیے کل مارکس 50 ہیں۔
- اس پرچے میں دیے گئے ہر سوال یا اس کے کسی حصے کے مارکس بریکٹ میں دیئے گئے ہیں [ ]۔

This document has **8** pages. Blank pages are indicated.

DC (SLM) 207752/1
© UCLES 2020

www.xtrapapers.com



## Part 1 Reading

سوال نمبر 1:-مندرجہ ذیل عبارت پڑھیے پھر دیے گئے سوالوں کے جواب جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے۔

مواصلات سے مراد پیغام رسانی ہے جو ہر دور میں انسان کی ایک اہم ضرورت رہی ہے۔ ماضی میں خطوط پیغام رسانی کا ایک اہم ذریعہ تھے۔ خطوط کی ترسیل کے لیے گھڑ سوار دوڑائے جاتے تھے۔ گھڑ سواروں کے ذریعے بہت دور تک پیغامات بھیجے جاتے تھے۔ دور دراز علاقوں تک پیغامات بھیجے جانے کے لیے دس یا بارہ میل پر منزلیں بنی ہوئی تھیں جہاں پر گھڑ سوار تازہ دم گھوڑوں کے ساتھ موجود ہوا کرتے تھے۔ وہ وہاں سے خطوط کا تھیلا لے کر اگلی منزل کو روانہ ہو جایا کرتے تھے۔ اس طرح سینکڑوں میل کی دوری تک خطوط پہنچائے جاتے تھے۔ بہت زمانے تک مواصلات کا کام کبوتروں سے بھی لیا گیا۔

جب سائنس کا دور شروع ہوا تو دوسرے شعبوں کے ساتھ ساتھ مواصلات میں بڑی ترقی ہوئی۔ گذشتہ صدی میں موٹر اور ریل ایجاد ہو گئی۔ اس کے بعد ڈاک بھی اس کے ذریعے بھیجی جانے لگی۔ تھوڑے عرصے میں ایک ایسا آلہ ایجاد ہوا جس نے ریل اور موٹر کی محتاجی کو ختم کر دیا وہ آلہ ٹیلی گرام تھا۔ ٹیلی گرام بجلی کی تاروں کے ذریعے تحریری پیغامات بھیجنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔ بیسویں صدی کے شروع میں وائر لیس ایجاد ہوا جو کسی تار کو واسطہ بنائے بغیر فضا میں پائی جانے والی ریڈیائی لہروں کے ذریعے پیغام رسانی کے لیے کام آیا۔ وائر لیس کے ذریعے نہ صرف یہ کہ زبانی بلکہ دوسرے قسم کے پیغامات بھیجے اور وصول بھی کیے جاتے ہیں۔

روایتی فون کے بعد موبائل فون کی ایجاد نے مواصلاتی دنیا میں انقلاب پیدا کر دیا۔ موبائل فون پیغامات رسانی کی ایک اہم ترین ایجاد ہے جس کے ذریعے آپ دور دور کے پیغامات ہر وقت اور ہر جگہ پر موصول کر سکتے ہیں۔ آجکل کا موبائل فون ایک چھوٹا کمپیوٹر ہے۔ کمپیوٹر ایک مواصلاتی مشین بھی ہے جس کے ذریعے نہ صرف پیغامات ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجے جاسکتے ہیں بلکہ اس کے ذریعے کاروباری حساب و کتاب اور کسی دوسرے ملک میں معلومات پہنچائی اور حاصل کی جاسکتی ہیں۔

جیسے جیسے مواصلات کے جدید ذرائع انسانی دسترس میں آتے گئے ویسے ویسے کتابوں سے انسانی وابستگی کم ہوتی گئی۔ انسان نے زیادہ وقت انٹرنیٹ اور آئی پیڈ پر گزارنا شروع کر دیا۔ کتابیں شعور اور آگاہی بخشتی ہیں اور دینا کے ہر علم کا منبع ہیں۔ ہر آدمی کے بڑا بننے کے پیچھے کتابیں ایک اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ موجودہ دور میں کتابیں پڑھنے کے رجحان میں دن بدن کمی ہوتی جارہی ہے جس کی سب سے بڑی وجہ انٹرنیٹ، موبائل فون اور جدید ٹیکنالوجی ہے۔

© UCLES 2020

www.xtrapapers.com



مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے۔ [ہر سوال کے بعد مارکس لکھ دیے گئے ہیں]

**Question 1**

**(i)** مصنف کے مطابق مواصلات کی کیا اہمیت ہے؟ دو باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................................

[2]..........................................................................................................................................................

**(ii)** پرانے زمانے میں مواصلات کے لیے کون سے ذرائع استعمال کیے جاتے تھے؟ دو باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................................

[2]..........................................................................................................................................................

**(iii)** پیغام رسانی کے لیے منزلیں کیوں بنائی گئی تھی؟ تین باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

[3]..........................................................................................................................................................

**(iv)** عبارت کے مطابق گذشتہ صدی میں ذرائع مواصلات میں کیا ترقی ہوئی ہے؟ تین باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

[3]..........................................................................................................................................................

**(v)** عبارت کے مطابق ٹیلی گرام اور وائرلیس میں کیا فرق ہے؟ چار باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

..........................................................................................................................................................

[4]..........................................................................................................................................................

www.xtrapapers.com



**(vi)** روایتی فون اور موبائل فون میں کیا فرق ہے؟ تین باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

[3]......................................................................................................................................

**(vii)** مصنف نے کتابوں کے بارے میں کیا کہا ہے؟ چار باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

[4]......................................................................................................................................

**(viii)** آپ کی رائے میں کتابیں زیادہ اہم ہیں یا جدید ٹیکنالوجی۔ چار وجوہات لکھیے۔

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

[4]......................................................................................................................................

© UCLES 2020

www.xtrapapers.com



## Part 2 Writing

مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 300–400 الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیے۔

### Question 2

**(i) دلیل**

آج کے دور میں مناسب ملازمت کا حصول نہایت مشکل ہے۔ اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔ [25]

**(ii) بحث**

موجودہ دور میں اسکولوں میں رائج تعلیمی نصاب عملی زندگی کے لیے ناکافی ہے۔ بحث کیجیے۔ [25]

**(iii) تفصیل**

آپ کے سکول میں ایک فلاحی ادارے کی امداد کے لیے ایک چیریٹی شو ہو رہا ہے۔ اِس شو کے ماحول کی عکاسی کیجیے۔ [25]

**(iv) بیان**

آدھی رات کا وقت ہے اچانک فون کی گھنٹی بجتی ہے۔ آواز سننے پر پتہ چلتا ہے کہ میرا دوست / میری سہیلی پریشانی کے عالم میں بات کر رہا / رہی ہے۔ کہانی مکمل کیجیے۔ [25]

**حصہ دوم کے سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب پرچے کے صفحات نمبر 6، 7 اور 8 پر لکھیں۔**

www.xtrapapers.com



© UCLES 2020 

www.xtrapapers.com

www.xtrapapers.com



.............................................................................................................................................

.............................................................................................................................................

.............................................................................................................................................

.............................................................................................................................................

.............................................................................................................................................

.............................................................................................................................................

.............................................................................................................................................

.............................................................................................................................................

.............................................................................................................................................

.............................................................................................................................................

.............................................................................................................................................

.............................................................................................................................................

.............................................................................................................................................

.............................................................................................................................................

.............................................................................................................................................

.............................................................................................................................................

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge Assessment International Education Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cambridgeinternational.org after the live examination series.

Cambridge Assessment International Education is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of the University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which itself is a department of the University of Cambridge.